

قابض اسرائیلی فوج نے پانی سے محروم رکھا اور گلا گھونٹنے کی دھمکیاں دیں: سویڈش سماجی کارکن ص:02

ISSN 2977-3555

روزنامہ

# صحافت

برمنگھم

باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

Volume No.03, Issue No.92 , Thursday 09 October, 2025, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۹۲)، بروز جمعرات، ۹/اکتوبر، ۲۰۲۵ء، ۱۶/ربیع الثانی ۱۴۴۷، ۸ صفحات




# اسرائیلی وزیر بن گویر کا پھر مسجد اقصیٰ پر دھاوا

## یہودی تہواروں کو بہانہ بنا کر القدس میں کشیدگی کو بڑھاوا دینے اسرائیلی قابض انتظامیہ کی حماس نے کی مذمت

مقبوضہ بیت المقدس، (ایجنسی): اسرائیل کے وزیر برائے قومی سلامتی اِتمار بن گویر جو اسرائیل کے دائیں بازو کے نمایاں انتہا پسند رہنماؤں میں سے ایک ہیں، نے بدھ کے روز ایک بار پھر پولیس کی بھاری نفری کی موجودگی میں مسجد اقصیٰ پر دھوابول دیا۔ غزہ کی مزاحمتی تنظیم حماس نے اس واقعہ کو 'اشتعال انگیز' حربہ قرار دیا۔ فلسطینی خبر ایجنسی 'وفا' کے مطابق بن گویر کی قیادت میں درجنوں یہودی آبادکاروں نے باب المغاربہ (مراکشی دروازے) کے راستے مسجد اقصیٰ کے احاطے میں گھس کر تلمودی رسومات انجام دیں۔ یہ واقعہ یہودیوں کے مذہبی تہوار 'عید العرش' کے دوسرے دن پیش آیا۔ آبادکاروں نے مقبوضہ بیت المقدس کے پرانے شہر میں اپنی مذہبی رسومات کے حصے کے طور پر پودوں کی قربانیاں بھی اٹھا رکھی تھیں۔ وفا کے مطابق اسرائیلی قابض انتظامیہ یہودی تہواروں کو بہانہ بنا کر القدس میں کشیدگی کو بڑھاوا دیتی ہے۔ ان تہواروں کے دوران شہر کے داخلی راستے بند کر دیے جاتے ہیں، مقدس شہر کو فوجی چھاؤنی میں بدل دیا جاتا ہے، فلسطینیوں کے داخلے پر پابندیاں لگائی جاتی ہیں، نمازیوں اور مرابطین کو نشانہ بنایا جاتا ہے، جبکہ آبادکاروں کو مکمل تحفظ فراہم کر کے انہیں مسجد کے اندر تلمودی رسومات ادا کرنے کی اجازت دی جاتی ہے تاکہ وہ اپنا وجود مسلط کر سکیں۔ اسرائیلی فورسز نے مسجد اقصیٰ کے اردگرد سخت سکیورٹی اقدامات نافذ کیے اور بڑی تعداد میں پولیس اور فوجی تعینات کیے تاکہ آبادکاروں کی دراندازی کو تحفظ دیا جا سکے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب اسرائیل اور حماس کے درمیان مصر کے شہر شرم الشیخ میں بالواسطہ مذاکرات جاری ہیں، جن میں امریکی تجویز کے تحت جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر اتفاق کی کوشش کی جا رہی ہے۔ خیال رہے کہ بن گویر ماضی میں بھی متعدد بار کبھی تنہا اور کبھی آبادکاروں کے ساتھ مسجد اقصیٰ میں داخل ہو چکے ہیں۔ ان کے یہ اقدامات فلسطینیوں اور متعدد عرب ممالک کی جانب سے شدید مذمت کا باعث بنتے رہے ہیں، کیونکہ وہ اپنے انتہاپسندانہ مؤقف اور اشتعال انگیز حرکات کے ذریعے مسلمانوں کے مقدس مقام، مسجد اقصیٰ، کی حرمت پامال کرتے ہیں۔



# 'جنگ بند کرو' اور 'یرغمالیوں کو واپس لاؤ'

## اسرائیل میں نیتن یاہو حکومت کے خلاف عوامی احتجاج میں شدت

تل ابیب، (ایجنسیاں): اسرائیل میں وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کی حکومت کے خلاف عوامی احتجاج میں شدت آ گئی ہے۔ راجدھانی تل ابیب میں ایک بار پھر ہزاروں شہری سڑکوں پر نکل آئے اور حکومت سے یرغمالیوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مظاہرین نے 'ہاسٹیجز اسکوائر' پر جمع ہو کر نعرے بازی کی اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر 'جنگ بند کرو' اور 'یرغمالیوں کو واپس لاؤ' جیسے نعرے درج تھے۔ احتجاج میں شریک مظاہرین نے نیتن یاہو حکومت پر الزام عائد کیا کہ وہ دو سال سے غزہ جنگ کے خاتمے اور یرغمالیوں کی رہائی کے لیے کوئی سنجیدہ قدم نہیں اٹھا رہی۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ حکومت کو فوری طور پر امن مذاکرات بحال کرنے چاہییں تاکہ نہ صرف جنگ کا خاتمہ ہو بلکہ یرغمالیوں کی واپسی بھی ممکن بنائی جا سکے۔ تل ابیب سمیت اسرائیل کے مختلف شہروں میں کئی ہفتوں سے یہ مظاہرے جاری ہیں اور عوام حکومت سے جنگی پالیسیوں میں تبدیلی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔




## برطانوی شہروں میں مظلوموں کے حق میں آوازیں بلند، "انتفاضہ زندہ باد" کے نعروں کی گونج

لندن: برطانیہ کے مختلف شہروں میں فلسطینی عوام سے یکجہتی کے لیے نکالی گئی ریلیوں میں "انتفاضہ زندہ باد"، "آزادی فلسطین" اور "ظلم کیخلاف آواز بلند کرو" جیسے نعرے گونجتے رہے۔ آپریشن طوفان الاقصیٰ کی دوسری سالگرہ کے موقع پر ہزاروں برطانوی طلباء نے تعلیمی اور سیاسی اداروں کے انتباہات کو نظر انداز کرتے ہوئے لندن، ایڈنبرا اور گلاسگو سمیت مختلف شہروں میں مظاہرے کیے اور انتفاضہ زندہ باد کے نعرے کے ساتھ فلسطینی عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ ہولو کاسٹ سے بچ جانے والے ایک شخص کے بیٹے مارک اوڈکائنڈ نے بھی لندن میں احتجاجی ریلی میں شرکت کی۔ انہوں نے اپنے ہاتھ میں ایسا پلے کارڈ اٹھا رکھا تھا جس پر درج تھا کہ 'ہولو کاسٹ سے بچ جانے والے کا بیٹا کہتا ہے: غزہ میں نسل کشی بند کرو'۔ صحافیوں کیساتھ بات چیت میں انہوں نے زور دے کر کہا کہ برطانوی ساختہ ہتھیار آج غزہ میں بچوں کا قتل عام کر رہے ہیں، یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ یہ احتجاجی مظاہرے ایسے وقت ہوئے جب برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر نے اس سے قبل ان مظاہروں کو 'غیر برطانوی' قرار دیا تھا۔




# امریکہ میں حکومتی شٹ ڈاؤن دوسرے ہفتے میں داخل

## بحران کے خاتمے کی کوئی واضح صورت نظر نہیں آ رہی ہے، ایوانِ نمائندگان بند ہے اور بار بار نا کام ووٹنگ میں الجھا ہوا ہے سینیٹ

واشنگٹن، (ایجنسی): امریکی حکومت کے وفاقی اخراجات کیلئے فنڈنگ رکنے کے باعث ہونے والا شٹ ڈاؤن بدھ کو دوسرے ہفتے میں داخل ہو گیا ہے، جب کہ کانگریس میں تعطل کی فضا قائم ہے۔ ایوانِ نمائندگان بند ہے اور سینیٹ بار بار نا کام ووٹنگ میں الجھا ہوا ہے تاکہ حکومت کو دوبارہ کھولنے کا کوئی فارمولا طے کیا جا سکے۔ صدر ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر بحران جلد ختم نہ ہوا تو وہ وفاقی ملازمین کی بڑے پیمانے پر برطرفیاں کر سکتے ہیں اور باقیوں کو واجب الادا تنخواہیں ادا نہ کرنیکا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ فی الحال حکومت کے دوبارہ کھلنے کی کوئی واضح صورت نظر نہیں آ رہی ہے۔ سینیٹر برنی سینڈرز نے سینیٹ میں کہا کہ تنازع حل کرنے کا واحد راستہ مذاکرات ہیں تاہم حکومت اور ڈیموکریٹس کے درمیان کوئی با ضابطہ بات چیت نہیں ہو رہی۔ کانگریس میں اکثریت رکھنے والے ریپبلکنز سمجھتے ہیں کہ سیاسی طور پر ان کا پلڑا بھاری ہے کیونکہ وہ ڈیموکریٹس کے اُس مطالبے کو روک رہے ہیں جسکے تحت حکومت کھولنے کی کسی بھی ڈیل میں صحت کے قومی بیمے کیلئے فوری فنڈنگ شامل کی جائے۔ دوسری جانب ڈیموکریٹس اپنے موقف پر ڈٹے ہیں کہ عوام ان کے ساتھ ہیں تاکہ متوقع اضافے سے صحت کی لاگت کو بچایا جا سکے اور وہ اس شٹ ڈاؤن کا ذمہ دار صدر ٹرمپ کو ٹھہرا رہے ہیں۔ سینیٹ کے ریپبلکن اور ڈیموکریٹ اراکین نے صحت بیمے کے مسئلے کے حل پر تبادلہ خیال کیا۔ ریپبلکن ارکان مارجوری ٹیلر گرین اور جوش ہاؤلی نے قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے فوری اقدام کا مطالبہ کیا، جبکہ ٹرمپ نے بھی مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی۔ تاہم بعد میں انھوں نے موقف بدل کر کہا کہ پہلے حکومت کھولنا ضروری ہے۔ وائٹ ہاؤس نے خبردار کیا کہ شٹ ڈاؤن کے دوران وفاقی ملازمین کو بقایا تنخواہیں ادا کرنے کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ یہ پالیسی اُس قانون سے مختلف ہے جس پر 2019 میں دستخط کیے گئے تھے اور جسکے تحت شٹ ڈاؤن کے بعد تمام ملازمین کو تنخواہیں ادا کی جاتی تھیں۔ نئے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ کانگریس کو اگر واجبات دینا ہیں تو انھیں فنڈنگ بل میں شامل کرنا ہوگا۔ یہ اقدام بظاہر کانگریس پر دباؤ ڈالنے کا ذریعہ ہے تاکہ وہ شٹ ڈاؤن ختم کرے۔




## غزہ میں نسل کشی میں معاونت، اٹلی کے خلاف عالمی فوجداری عدالت میں درخواست دائر

غزہ، (یو این آئی) غزہ میں نسل کشی میں معاونت کرنے پر اٹلی کے خلاف عالمی فوجداری عدالت میں درخواست دائر کر دی گئی۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق درخواست میں اٹلی کی وزیر اعظم جارجیا میلونی، وزرائے دفاع و خارجہ سمیت دیگر عہدیداران کو نامزد کیا گیا ہے۔ درخواست میں اسرائیل کو ہتھیار فراہم کرنے پر اٹلی کے خلاف کارروائی کی اپیل کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق درخواست فلسطینی حقوق کے گروپ نے یکم اکتوبر کو جمع کروائی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 50 سے زائد قانونی ماہرین اور عوامی شخصیات نے مشترکہ طور پر درخواست دائر کی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ اٹلی نے اسرائیل کو مہلک ہتھیار دے کر جنگی جرائم میں شمولیت اختیار کی، اٹلی کی حکومت غزہ میں جاری نسل کشی میں شراکت دار ہے۔

## شرم الشیخ میں جاری غزہ مذاکرات میں نیا موڑ، قطری وزیر اعظم اور ترک انٹیلی جنس چیف براہِ راست شریک ہوں گے

دوحہ، (ایجنسیاں): قطر کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن بن جاسم آل ثانی اور ترکیہ کے انٹیلی جنس چیف ابراہیم قالن آج مصر میں غزہ جنگ بندی مذاکرات میں شرکت کریں گے۔



قطری وزارتِ خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے الجزیرہ سے گفتگو میں بتایا کہ قطری وزیر اعظم شرم الشیخ میں دیگر ثالث ممالک کے نمائندوں سے ملاقات کریں گے، جن میں امریکی نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملاقات کا مقصد غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی کے معاہدے کو عملی شکل دینا ہے۔ ان کے مطابق قطر کی اعلیٰ سطحی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ثالث ممالک جنگ کے خاتمے کے معاہدے تک پہنچنے کے لیے سنجیدہ اور پُرعزم ہیں۔ الجزیرہ کے مطابق ترکیے کے انٹیلی جنس چیف ابراہیم قالن بھی شرم الشیخ میں مذاکرات میں شریک ہوں گے تاکہ جنگ بندی کے فارمولے پر اتفاق رائے کی راہ ہموار کی جا سکے۔

# نوی ممبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ دسمبر سے تجارتی پروازوں کے لیے تیار

نوی ممبئی: نوی ممبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ (این ایم آئی اے) کا آج وزیراعظم نریندر مودی کے افتتاح عمل میں آیا۔ اطلاع کے مطابق یہ دسمبر 2025 سے تجارتی پروازوں کے آغاز کے لیے تیار ہے جو ملک کے ہوابازی کے بنیادی ڈھانچے میں ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا۔ این ایم آئی اے کو ہندوستان کے پہلے مکمل ڈیجیٹل ہوائی اڈے کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔ یہ ایئرپورٹ دسمبر 2025 میں تمام حفاظتی کلیئرنس، تکنیکی جانچ اور سسٹم کی منظوری کے بعد مکمل طور پر آپریشنل ہوگا۔ پروجیکٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیپٹن بی وی جے کے شرما نے بتایا کہ ہوائی اڈے کو 8.5 میٹر بلند تعمیر کیا گیا ہے تاکہ شدید بارش یا بادل پھٹنے کے باوجود سیلاب کا کوئی خطرہ نہ رہے۔ ان کے مطابق ایئرپورٹ کا ڈیزائن نہ صرف موسمیاتی استحکام بلکہ مسافروں کی سلامتی اور آرام کو بھی مدنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔

ایئرپورٹ میں ڈیجی یاترا سے چلنے والے گیٹس، سیلف بیگیج ڈراپ پوائنٹس، خودکار چیک ان اور امیگریشن سسٹم جیسے جدید انتظامات متعارف کرائے گئے ہیں۔ ورچوئل قطار مینجمنٹ کے نظام کے تحت مسافر ریئل ٹائم ڈسپلے کے ذریعے اپنی باری پر سیکورٹی چیک کے لیے روانہ ہوسکیں گے۔ فوڈ ہال میں ایک نیا تصور متعارف کرایا گیا ہے جس کے ذریعے مسافر مختلف ریسٹورانوں سے پہلے ہی کھانا آرڈر کرسکیں گے اور اسے براہ راست بورڈنگ گیٹ پر حاصل کرسکیں گے۔

پہلے مرحلے کے دوران ہوائی اڈہ صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک فعال رہے گا۔ فی گھنٹہ آٹھ سے دس طیاروں کی نقل و حرکت متوقع ہے، جسے مستقبل میں بڑھانے کے منصوبے پر غور کیا جارہا ہے۔ سیکیورٹی کے لیے سینٹرل انڈسٹریل سیکیورٹی فورس (سی آئی ایس ایف) کے اہلکاروں اور آلات کی تعیناتی آئندہ پینتالیس سے ساٹھ دنوں میں مکمل کی جائے گی، جس کے بعد بیورو آف سول ایوی ایشن سیکیورٹی (بی سی اے ایس) حفاظتی معیار کی جانچ کرے گا۔ انڈیگو، آکاسا ایئر اور ایئر انڈیا ایکسپریس سمیت متعدد ایئرلائنز نے ابتدائی آپریشنز کے لیے رضامندی ظاہر کی ہے۔ انڈیگو ایئرلائنز پندرہ شہروں کے لیے روزانہ اٹھارہ پروازیں شروع کرے گی، جنہیں مارچ 2026 تک اندرون اور بیرونِ ملک 79 پروازوں تک بڑھایا جائے گا، جن میں چودہ بین الاقوامی روٹس شامل ہوں گے۔ ہوائی اڈے کے ٹرمینل میں اٹھاسی چیک ان کاؤنٹرز ہوں گے جن میں بائیس خودکار اور چھیاسٹھ عملے کے ذریعے چلنے والے ہوں گے۔ چار داخلی دروازے اور تین آپریشنل بیس بھی فعال ہوں گے۔ ایئرپورٹ کیٹیگری ٹو انسٹرومنٹ لینڈنگ سسٹم (آئی ایل ایس) سے لیس ہے جو تین سو میٹر مرئیت تک کم ہونے پر بھی محفوظ لینڈنگ ممکن بناتا ہے۔ بہتر گلائیڈ پاتھ کے لیے چھ سو میٹر کی ڈس پلیسڈ رن وے لمبائی فراہم کی گئی ہے۔ ماحولیاتی پائیداری کے لحاظ سے یہ ہوائی اڈہ ایک نمایاں مثال ہے۔ یہاں سینتالیس میگاواٹ کا سولر پاور پلانٹ نصب کیا گیا ہے، برقی گاڑیوں کے لیے نیٹ ورک قائم کیا گیا ہے، بارش کے پانی کو جمع کرنے اور گندے پانی کی ری سائیکلنگ کا انتظام کیا گیا ہے، جبکہ چاروں ٹرمینلز کو جوڑنے کے لیے خودکار پیپل موورز فراہم کیے گئے ہیں۔

کنیکٹی وٹی کے لحاظ سے تارگھر ریلوے اسٹیشن تقریباً مکمل ہو چکا ہے جو دو لاکھ مربع فٹ رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ اس اسٹیشن میں تین جزیرے نما پلیٹ فارم اور دو سرے والے پلیٹ فارم ہیں، ہر ایک کی لمبائی 270 میٹر ہے اور سات سو بیس گاڑیوں کے لیے پارکنگ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ بیلاپور، سی ووڈس اور نیرول سے شٹل سروسز بھی جلد شروع ہوں گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک واٹر ٹیکسی سروس بھی متعارف کرائی جارہی ہے جو گیٹ وے آف انڈیا (ریڈیو جیٹی) کو صرف چالیس منٹ میں ہوائی اڈے سے جوڑ دے گی۔ مرکزی حکومت کی منظوری کے بعد اس ایئرپورٹ کو باضابطہ طور پر "لوک نیتا ڈی بی پاٹل نوی ممبئی انٹرنیشنل ایئرپورٹ" کا نام دیا جائے گا۔

# مہاراشٹر ملک کی سب سے زیادہ صنعت دوست ریاست

## 'کاروبار کرنے میں آسانی' کی پالیسی مہاراشٹر میں کاروباریوں کے لیے سازگار ماحول پیدا کرتی ہے: دیویندر فڑنویس کا دعویٰ



ممبئی: ریاستی حکومت 'کاروبار کرنے میں آسانی' پالیسی کو نافذ کر رہی ہے۔ اس کے ذریعے حکومت کی پالیسی سرمایہ کاروں کے مسائل کو حل کرنا ہے۔ اس کی وجہ سے مہاراشٹر میں سرمایہ کاری فائدہ مند ہے۔ مہاراشٹر ملک کی سب سے زیادہ صنعت دوست ریاست ہے اور مواصلات کی اچھی سہولیات دستیاب ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں مختلف ممالک کی بہترین یونیورسٹیوں کے ساتھ شراکت داری کی گئی ہے اور بڑی تعداد میں ہنرمند افرادی قوت پیدا کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے زور دے کر کہا کہ ریاست میں صنعتوں کے لیے سازگار ماحول ہے۔

وزیر اعلیٰ فڑنویس نے ہوٹل تاج پیلس میں برطانوی وفد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے مہاراشٹر میں سرمایہ کاری کے ماحول، بنیادی ڈھانچے اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ یہ بتاتے ہوئے کہ جس طرح لندن برطانیہ کی شناخت ہے، ممبئی مہاراشٹر کی شناخت ہے اور مہاراشٹر ہندوستان کی شناخت ہے، وزیر اعلیٰ فڑنویس نے کہا کہ 'کاروبار کرنے میں آسانی' پالیسی کی وجہ سے صنعتی لائسنس حاصل کرنے کا عمل آسان ہوگیا ہے۔ سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل کے لیے ایک 'وار روم' قائم کیا گیا ہے اور ہر ماہ اس کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ ریاست میں صنعت، مالیات، تعلیم، شہری ترقی اور ٹیکنالوجی کے تمام شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

ملک کے تعلیمی شعبے میں نئی 'پالیسی نافذ کردی گئی ہے اور غیرملکی یونیورسٹیوں کے لیے گیٹ وے کھول دیا گیا ہے۔ اس کے تحت ریاست کے نوی ممبئی میں 'ایڈو سٹی' قائم کیا جارہا ہے جس میں لندن یونیورسٹی کا کیمپس ہوگا اور دو ہزار طلبہ کو تعلیم فراہم کی جائے گی۔ نئی ممبئی ہوائی اڈے، سی لنک اور تیسرے ممبئی کے منصوبوں کے ذریعے ریاست میں جدید شہری ترقی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وادھوان پورٹ کو تیار کیا جا رہا ہے اور اس علاقے کو بلٹ ٹرین اسٹیشن اور گرین انڈسٹریل زون کے ذریعے چوتھے ممبئی کے طور پر تیار کیا جارہا ہے۔

چیف منسٹر فڑنویس نے کہا کہ چھترپتی سمبھاج نگر ایک ای وی ہب بن رہا ہے، ناگپور سولر ماڈیول مینوفیکچرنگ سینٹر بن رہا ہے، جبکہ پونے صنعتوں کا ایک بڑا مرکز ہے۔ مہاراشٹر ملک میں اسٹارٹ اپس اور سرمایہ کاری میں سب سے آگے ہے۔ یہ بتاتے ہوئے کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کی وجہ سے ہندوستان آج ایک سرمایہ کاری دوست ملک بن گیا ہے، انہوں نے کہا کہ انتظامیہ میں شفافیت میں اضافہ ہوا ہے۔ 'اسٹریٹ وینڈرز نے ڈیجیٹل لین دین کو اپنایا ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ ڈیجیٹل لین دین بھارت میں ہورہا ہے، اس کا سہرا وزیراعظم نریندر مودی کو جاتا ہے، اور 2030 تک 50 فیصد ری سائیکل توانائی کے استعمال کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہاراشٹر میں شمسی توانائی کو بڑے پیمانے پر فروغ دیا جا رہا ہے۔ پونے میں ڈیٹا سینٹرز، اے آئی اور کوانٹم ٹیکنالوجی کے لیے ریاست میں ایک خصوصی نظام قائم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند یونیورسٹیوں کے ذریعے ایچ پی جیسے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ ماہرین پیدا کرنے پر کام جاری ہے۔ ممبئی فن ٹیک اور فنانس کمپنیوں کا گھر ہے۔ چیف منسٹر فڑنویس نے یہ بھی کہا کہ برطانیہ اور ہندوستان کے درمیان شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

# اگلے سال برطانیہ میں بالی ووڈ کی تین نئی بلاک بسٹر فلمیں تیار کی جائیں گی

ممبئی: برطانیہ کے وزیراعظم کیر اسٹارمر نے آج ممبئی میں اعلان کیا کہ اگلے سال برطانیہ میں بالی ووڈ کی تین نئی بلاک بسٹر فلمیں تیار کی جائیں گی۔ ہندوستان کی معروف فلم پروڈکشن اور ڈسٹری بیوشن کمپنی، یش راج فلمز نے 2026 کے اوائل سے برطانیہ بھر میں اپنی بڑی پروڈکشنز کی نمائش کے منصوبوں کی تصدیق کی ہے، جس سے 3000 سے زیادہ ملازمتیں پیدا ہوں گی اور معیشت کو لاکھوں پاؤنڈز کا اضافہ ہوگا۔ اس اعلان کو نشان زد کرنے کے لیے، وزیراعظم نے آج ممبئی میں یش راج اسٹوڈیوز کا دورہ کیا، جس میں فلم انڈسٹری کی کچھ سرکردہ شخصیات بشمول برطانوی فلم انسٹی ٹیوٹ، برٹش فلم کمیشن، پائن ووڈ اسٹوڈیوز، ایلسٹری اسٹوڈیوز اور سوک اسٹوڈیوز کے وفد کے ہمراہ تھے۔ وزیراعظم دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں سے ایک کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنانے اور محنتی برطانوی عوام کی جیبوں میں پیسہ واپس ڈالنے کے لیے دو روزہ تجارتی مشن پر ہیں۔ اس میں برطانیہ اور ہندوستان کی عالمی شہرت یافتہ تخلیقی صنعتوں کے درمیان گہرا تعاون شامل ہے۔ برطانیہ کی فلم انڈسٹری معیشت میں سالانہ £12 بلین کا حصہ ڈالتی ہے اور ملک کے ہر علاقے میں 90 ہزار ملازمتیں پیدا کرتی ہے۔ اپنے عالمی سطح پر اسٹوڈیو کے بنیادی ڈھانچے اور باوقار پس منظر کے ساتھ، یہ بین الاقوامی فلم سازوں کے لیے ایک ترجیحی منزل ہے۔ ہندوستان فلموں کا دنیا کا سب سے بڑا پروڈیوسر ہے، اور یش راج کی وابستگی برطانیہ میں فلم بندی کے آٹھ سال کے وقفے کے بعد سامنے آئی ہے، جو کہ یوکے-انڈیا تجارتی معاہدے کے پہلے سے ہی اثرات کی عکاسی کرتا ہے۔

# ہندوستان نے برطانوی وزیراعظم کے دورے کو تعلقات میں نیا باب قرار دیا

ممبئی: برطانیہ کے وزیراعظم کیر اسٹارمر کے ہندوستان کے پہلے سرکاری دورے کے موقع پر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے اس دورے کو دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک نیا باب قرار دیا ہے۔ اسٹارمر 8 اور 9 اکتوبر کے دوران وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر ہندوستان کے دورے پر ہیں۔ برطانوی وزیراعظم کے ساتھ 120 سے زائد افراد پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد آیا ہے، جس میں ممتاز کاروباری رہنما، معروف جامعات کے وائس چانسلرز اور ثقافتی نمائندے شامل ہیں۔ یہ دو روزہ دورہ ٹیکنالوجی، تعلیم، پائیدار تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانے پر مرکوز ہے۔ چھترپتی شیواجی مہاراج بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ان کا پرتپاک خیر مقدم مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار کے ساتھ گورنر آچاریہ دیوورت نے کیا۔

دورے کے دوران دونوں وزرائے اعظم بھارت-برطانیہ جامع اسٹریٹجک پارٹنرشپ کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ یہ پارٹنرشپ "وژن 2035" اور 10 سالہ روڈ میپ کے تحت تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی و اختراع، دفاع و سلامتی، آب و ہوا و توانائی، صحت، تعلیم اور عوامی روابط کے فروغ پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ دونوں رہنما حالیہ جولائی میں دستخط شدہ ہندوستان-برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے ) "سی ای ٹی اے ) کے تحت نئے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ یہ تاریخی معاہدہ دوطرفہ اقتصادی تعاون کو گہرا کرنے کے لیے ایک اہم سنگ میل تصور کیا جارہا ہے۔

# منی لانڈرنگ کیس سے وابستہ آٹھ مقامات پر ای ڈی کے چھاپے

## جنوبی ممبئی کے ڈونگری علاقے میں ایک رہائشی عمارت سے متعدد اہم دستاویزات برآمد، مزید تحقیقات جاری




ممبئی: منشیات سے منسلک منی لانڈرنگ کے خلاف جاری مہم کے تحت انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے آج ممبئی میں فیصل جاوید شیخ اور الفیہ فیصل شیخ کے مبینہ اسمگلنگ و لانڈرنگ نیٹ ورک سے وابستہ آٹھ مختلف مقامات پر چھاپے مارے۔ یہ کارروائی منی لانڈرنگ کی روک تھام ایکٹ (پی ایم ایل اے) 2002 کے تحت انجام دی گئی، جس کا مقصد منشیات کی فروخت سے حاصل ہونے والی غیر قانونی کمائی کا سراغ لگانا ہے۔ ای ڈی کے ذرائع کے مطابق، تحقیقات اس مالیاتی نیٹ ورک پر مرکوز ہیں جس کے ذریعے ملزمین نے مبینہ طور پر منشیات کی تجارت سے حاصل شدہ خطیر رقم کو جائز ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ تفتیشی ٹیم اس مالیاتی بہاؤ اور متعلقہ اثاثوں کا پتہ لگانے میں مصروف ہے، تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ غیر قانونی رقوم کو کس طرح سرمایہ کاری یا جائیداد کی خریداری میں استعمال کیا گیا۔ چھاپوں کے دوران حکام نے جنوبی ممبئی کے ڈونگری علاقے میں ایک رہائشی عمارت سے متعدد اہم دستاویزات برآمد کیں۔ ان میں جائیداد کے حصول سے متعلق وہ کاغذات بھی شامل ہیں جن کے بارے میں شبہ ہے کہ انہیں غیر قانونی کمائی سے مالی اعانت فراہم کی گئی۔ اس کے علاوہ پہلے سے زیرِ نظر افراد کے ساتھ مالی لین دین کے ریکارڈ بھی ضبط کیے گئے ہیں۔

ذرائع نے بتایا کہ یہ کارروائی منشیات کے نیٹ ورکس اور ان سے منسلک رقم کے غیر قانونی بہاؤ کو ختم کرنے کے لیے جاری ملک گیر کریک ڈاؤن کا حصہ ہے۔ ای ڈی اس سلسلے میں مزید مالیاتی ریکارڈ اور تعلقات کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ منی لانڈرنگ کے اس پیچیدہ جال کو مکمل طور پر بے نقاب کیا جاسکے۔

# فراڈ کیس: شلپا شیٹی اور راج کندرا کی مشکلات میں اضافہ

## بامبے ہائی کورٹ نے جوڑے کو بیرون ملک سفر کرنے سے روک دیا



ممبئی: اداکارہ شلپا شیٹی اور ان کے بزنس مین شوہر راج کندرا کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ بامبے ہائی کورٹ نے جوڑے کو بیرون ملک سفر کرنے سے روک دیا ہے۔ عدالت نے حکم دیا ہے کہ شلپا اور ان کے شوہر کو فراڈ کیس میں 60 کروڑ روپے ادا کرنا ہوں گے۔ اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) نے شلپا شیٹی اور ان کے شوہر راج کندرا کے خلاف لک آؤٹ نوٹس جاری کیا تھا۔ شلپا اور راج کو عدالت یا تفتیشی ایجنسی کی اجازت کے بغیر بیرون ملک سفر کرنے سے روکتے ہوئے یہ حکم اب بھی نافذ العمل ہے۔

شلپا شیٹی کو یوٹیوب کے ایک پروگرام کے لیے کولمبو جانا تھا لیکن بمبئی ہائی کورٹ نے انہیں ملک چھوڑنے کی اجازت دینے سے انکار کردیا۔ شلپا شیٹی کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اداکارہ 25 سے 29 اکتوبر تک یوٹیوب ایونٹ کے لیے کولمبو جائیں گی۔ نتیجتاً عدالت سے اجازت دینے کی درخواست کی۔ شلپا کے وکیل نے کہا کہ انہوں نے وہاں کے ایونٹ کے لیے فون پر بات کی ہے اور ان کا جانا ضروری ہے۔ لیکن بمبئی ہائی کورٹ نے اس مطالبہ کو فوراً مسترد کر دیا۔ عدالت نے کہا کہ دھوکہ دہی کے معاملے میں جوڑے کو پہلے 60 کروڑ روپے ادا کرنے ہوں گے، اس کے بعد ہی وہ بیرون ملک سفر کی اجازت لے سکتے ہیں۔ کیس کی اگلی سماعت 14 اکتوبر کو ہوگی۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے بامبے ہائی کورٹ نے شلپا اور راج کو تھائی لینڈ کے شہر فوکٹ جانے سے روک دیا تھا۔ عدالت نے کہا کہ جوڑے پر کئی سنگین الزامات لگائے گئے، جن کا مقدمہ ابھی زیر التوا ہے۔ عیاں رہے کہ بزنس مین دیپک کوٹھاری نے شلپا شیٹی اور ان کے شوہر پر دھوکہ دہی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جوڑے نے پہلے انہیں 60 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا دھوکہ دیا اور پھر اس رقم کو ذاتی اخراجات کے لیے استعمال کیا۔

# سیلاب متاثرہ علاقوں میں طلباء کی امتحانی فیس معاف کرنیکا فیصلہ

ممبئی: ریاست کے بیشتر حصوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔ اس بات کا خیال رکھا جارہا ہے کہ کسی بھی ایسے طالب علم کی تعلیم متاثر نہ ہو جس کے کاغذات اور تعلیمی مواد سیلاب کی وجہ سے بہہ گیا ہو، اس کے ساتھ ساتھ امتحانی فیس معاف کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت دادا پاٹل نے اپیل کی ہے کہ تعلیمی اداروں کو بھی سماجی ذمہ داری کے طور پر طلبہ کی مدد کے لیے پہل کرنی چاہیے۔ ریاست کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں طلباء کی تعلیمی مشکلات کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت دادا پاٹل کی صدارت میں وزارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ہائر ایجوکیشن کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیلیندر دیولنکر، تکنیکی تعلیم کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ونود موہتکر، ڈپٹی سکریٹری پرتاپ لبل، ممبئی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر رویندر کلکرنی، پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اجے بھامرے کے علاوہ ریاست کے مختلف کالجوں کے پرنسپل اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ وزیر چندرکانت دادا پاٹل نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے بہت سے طلباء کا لٹریچر اور تعلیمی مواد تباہ ہوگیا ہے۔ اس لیے کالجوں، یونیورسٹیوں اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو چاہیے کہ وہ سماجی فریضہ کے طور پر طلبہ کی نوٹ بک، کتابیں، یونیفارم کی صورت میں مدد کریں۔ اس سے طلباء کو مالی مشکلات میں راحت ملے گی اور ان کی تعلیم بلا تعطل جاری رہے گی۔

# ممبئی کے اسپتالوں میں 50 جنرک ادویات کی دکانیں کھولنے کی منظوری

ممبئی: برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن (بی ایم سی) نے اپنے اسپتالوں میں جنرک ادویات کی دکانیں قائم کرنے کی تجویز کو منظوری دی ہے، جہاں ضروری ادویات مارکیٹ کی قیمت سے کافی کم قیمتوں پر دستیاب ہوں گی۔ بی ایم سی کے اس ایک قدم سے ہزاروں مریضوں کو راحت ملے گی۔ اس منصوبے کے تحت شہر بھر میں اس طرح کی 50 دکانیں کھولی جائیں گی۔ میونسپل باڈی کے ذریعے چلائے جانے والے بڑے، پیری فیرل اور پرائمری ہیلتھ کیئر اسپتالوں میں لوگوں کو چوبیس گھنٹے سستی ادویات فراہم کیے جائیں گے۔ یہ تجویز اصل میں نیشنل فیڈریشن آف فارمرز پروکیورمنٹ، پروسیسنگ اینڈ ریٹیلنگ کوآپریٹو آف انڈیا لمیٹڈ کی طرف سے پیش کی گئی تھی، جس میں ممبئی کے اسپتالوں میں 58 دکانیں کھولنے کی اجازت مانگی گئی تھی۔ غور و خوض کے بعد میونسپل انتظامیہ نے پہلے مرحلے میں 50 دکانوں کی منظوری دی۔ ہر دکان کو، 15 سالہ لیز پر 5 فی مربع فٹ فی مہینہ کے معمولی کرایہ پر، اسپتال کے احاطے میں 150 مربع فٹ جگہ مختص کی جائے گی۔

# الہاس نگر میں 17 لاکھ روپے کی غیرملکی شراب ضبط

## محکمہ ایکسائز ٹیم کی کارروائی میں دو افراد گرفتار، تین گاڑیاں ضبط

کلیم شیخ



الہاس نگر: ایک بڑی کارروائی میں ریاستی محکمہ ایکسائز کی ٹیم نے الہاس نگر میں تقریباً 17 لاکھ 10 ہزار 160 روپے کی غیر ملکی شراب کی 168 بوتلیں اور تین گاڑیاں ضبط کیں۔ یہ شراب دمن اور دادرا نگر حویلی سے غیر قانونی طور پر مہاراشٹر میں فروخت کے لیے اسمگل کی گئی تھی۔ چھاپے کی قیادت انسپکٹر بی کے نے کی۔ جادھو، سب انسپکٹر اویناش پاٹل، امیش آر گائیکواڑ، سونالی ایس گاونڈے، اسسٹنٹ سب انسپکٹر یوگیش رانے، اور افسران کی ایک ٹیم نے مدد کی۔ گرفتار کیے گئے دو افراد میں سنیل ارلال بلانی اور بھیشم سنیل کتاریہ شامل ہیں، جب کہ ایک اور ملزم مفرور ہے اور اس کی تلاش کی جارہی ہے۔ ضبط کی گئی تین گاڑیوں میں ایک آرٹیگا کار، ایک رکشہ اور ایک مہندرا پک اپ شامل ہیں۔ یہ کارروائی انسپکٹر جنرل راجیش دیشمکھ، ڈائریکٹر پرساد سوکے، سپرنٹنڈنٹ پردیپ پوار، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پروین تامبے اور اے ڈی دیشمکھ کی رہنمائی میں کی گئی۔ اس معاملے کی مزید تفتیش ڈپٹی انسپکٹر امیش آر گائیکواڑ کر رہے ہیں۔

# 'یہ ہمارے جمہوری اور عدالتی نظام کی بنیاد پر حملہ ہے'

## چیف جسٹس بی آر گوائی پر جوتا پھینکنے کے معاملے کی اجیت پوار نے مذمت کی





ممبئی: مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اور این سی پی کے سربراہ اجیت پوار نے پیر کو سپریم کورٹ میں اس واقعہ کی مذمت کی جہاں ایک وکیل نے چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی پر جوتا پھینکا۔

ایکس پر ایک پوسٹ میں اجیت پوار نے کہا، 'سپریم کورٹ ہماری جمہوریت میں انصاف کا سب سے بڑا مندر ہے۔ عزت مآب چیف جسٹس شری بی آر گوائی جی پر حملہ کرنے کی کوشش ہمارے جمہوری اور عدالتی نظام کی بنیاد پر حملہ ہے۔ مہذب معاشرے میں ایسے واقعات کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدلیہ کے وقار اور سالمیت کو برقرار رکھنا ہر شہری کی اخلاقی ذمہ داری ہے'۔

انہوں نے مزید کہا، 'عدلیہ کو کمزور کرنے یا اس کی بے عزتی کرنے کی کوئی بھی کوشش جمہوریت کے اصولوں پر حملہ ہے۔ اس شرمناک فعل کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی ہونی چاہیے۔'

انہوں نے عدلیہ کے لیے اپنی حمایت کا بھی اظہار کیا اور شہریوں سے نظام انصاف پر اعتماد برقرار رکھنے کی اپیل کی۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عدالتی اداروں کا احترام ملک کی جمہوریت کی مضبوطی کے لیے لازمی ہے۔

پیر کو 71 سالہ ایڈوکیٹ راکیش کشور نے چیف جسٹس آف انڈیا بی آر گوائی پر جوتا پھینکا۔ گوائی نے سپریم کورٹ کی سماعت کے دوران یہ دعویٰ کیا کہ چیف جسٹس کے ریمارکس نے 'سناتن دھرم' کی توہین کی ہے۔ مدھیہ پردیش کے کھجوراہو مندر کے احاطے میں بھگوان وشنو کی مورتی کو بحال کرنے کی درخواست پر حالیہ سماعت کے دوران وکیل نے سوال کے دوران دعویٰ کیا کہ وہ 'چیف جسٹس کے ریمارکس سے ناخوش ہیں۔'

# بنا ٹکٹ مسافروں کے خلاف ویسٹرن ریلوے کی مہم

## مضافاتی ریلوے کی میل، ایکسپریس اور چھٹی والی ٹرینوں میں جانچ مہم کے دوران 97.47 کروڑ جرمانہ وصول



ممبئی: ویسٹرن ریلوے پر تمام حقیقی مسافروں کو پریشانی سے پاک، آرام دہ سفر اور بہتر خدمات کو یقینی بنانے کے لیے، بغیر ٹکٹ/بے قاعدہ سفر کے مسئلے کو روکنے کے لیے ممبئی کے مضافاتی لوکل سروسز، میل/ایکسپریس کے ساتھ ساتھ مسافر ٹرینوں اور چھٹیوں والی خصوصی ٹرینوں پر ٹکٹوں کی جانچ کی سخت مہم مسلسل چلائی جارہی ہے۔

ویسٹرن ریلوے کے سینئر کمرشل افسران کی نگرانی میں انتہائی حوصلہ افزا ٹکٹ چیکنگ ٹیموں نے اپریل سے ستمبر 2025 کے دوران متعدد ٹکٹ چیکنگ مہمات چلائیں، جس کے نتیجے میں 97.47 کروڑ روپے جرمانے کیے گئے، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 42 فیصد زیادہ ہے اور ریلوے بورڈ کے مقرر کردہ ہدف سے 15 فیصد زیادہ ہے۔ اس میں ممبئی کے مضافاتی حصے سے 27 کروڑ روپے شامل ہیں۔ ویسٹرن ریلوے کے چیف پبلک ریلیشن آفیسر ونیت ابھشیک کے ذریعہ جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق، مغربی ریلوے نے ستمبر 2025 میں جمع کیے گئے جرمانے کی رقم میں نمایاں اضافہ دیکھا۔ 2.35 لاکھ بغیر ٹکٹ کے بے قاعدہ مسافروں کا پتہ چلا اور 13.28 کروڑ کی رقم جمع کی گئی، جس میں غیر بک شدہ سامان کے معاملات بھی شامل ہیں، جو پچھلے سال ستمبر کے اعداد و شمار سے 116 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہے۔ اس میں ممبئی کے مضافاتی حصے پر 96 ہزار کیسز کا پتہ چلا اور 4 کروڑ سے زیادہ کا جرمانہ بھی شامل ہے۔

اے سی لوکل ٹرینوں میں غیر مجاز داخلے کو روکنے کے لیے، بار بار سرپرائز ٹکٹ چیکنگ مہم بھی چلائی جارہی ہے۔ اے سی لوکل ٹرینوں میں فوکسڈ ڈرائیوز کے نتیجے میں، تقریباً 49 ہزار غیر مجاز مسافروں پر جرمانہ عائد کیا گیا اور اپریل سے ستمبر 2025 کے دوران 1.59 کروڑ روپے جرمانے کے طور پر جمع کیے گئے، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً 70 فیصد زیادہ ہے۔

# این سی سی کی تربیت کو اسکول کی سطح پر نافذ کیا جائے

## کھیل اور نوجوانوں کی بہبود کے وزیر ایڈوکیٹ مانک راؤ کوکاٹے کی ہدایت

ممبئی: کھیل اور نوجوانوں کی بہبود کے وزیر ایڈوکیٹ مانک راؤ کوکاٹے نے ہدایت دی ہے کہ ریاست کے طلبہ میں نظم و ضبط، صحت اور قائدانہ خصوصیات کو فروغ دینے کے لیے اسکول کی سطح پر نیشنل کیڈٹ کور (این سی سی) کی تربیت فراہم کی جائے۔ کھیل اور نوجوانوں کی بہبود کے وزیر ایڈوکیٹ کوکاٹے نے یہ موقف وزارت میں منعقدہ نیشنل کیڈٹ کور (این سی سی)، اسکاؤٹس اور گائیڈز کے حوالے سے ایک میٹنگ میں پیش کیا۔ اس موقع پر اسکولی تعلیم کے وزیر دادا جی بھوسے نے مرکزی حکومت کو اسکول کی سطح پر این سی سی ٹریننگ شروع کرنے کے حوالے سے ایک تجویز پیش کرنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس اقدام سے طلباء میں جذبہ حب الوطنی، نظم و ضبط اور کھیلوں سے محبت میں مزید اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر کمشنر شیتل تیلی، این سی سی کیپٹن جے جارج، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ملند دکشت، ڈپٹی ڈائریکٹر آف ایجوکیشن ڈاکٹر وندنا واہول، محکمہ اسکولی تعلیم کے انڈر سکریٹری انیرودھا کلکرنی موجود تھے۔

وزیر کوکاٹے نے کہا کہ اسکول کے اساتذہ کو سابق فوجیوں، این سی سی طلباء اور کھیلوں کے اساتذہ کی مدد سے کھیلوں اور مشقوں کی تربیت دی جانی چاہیے۔ یہ تربیت ابتدائی عمر میں ہی طلباء میں جسمانی تندرستی، ضبط نفس اور گہری سوچ پیدا کرنے میں کارآمد ثابت ہوگی۔ طلباء میں بیرونی کھیلوں سے محبت پیدا کرنے کے لیے اسکول کی سطح پر کھیلوں کی لازمی تربیت فراہم کرنا ضروری ہے۔ مستقبل میں مختلف کھیلوں کی تربیت فراہم کرنے کے لیے پالیسی بنائی جائے تاکہ اولمپکس جیسے بین الاقوامی مقابلوں میں طلبہ کی شرکت میں اضافہ ہو۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کھیلوں کے اساتذہ کی تعداد بڑھانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں اور جیتنے والے کھلاڑیوں کو بطور استاد مقرر کرنے میں خصوصی رعایت دی جائے۔ این سی سی ٹریننگ قائدانہ خصوصیات، کردار کی نشوونما، خدمت کے جذبے اور کھیل کود کو فروغ دینے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ این سی سی کا مقصد ایک نظم و ضبط اور تربیت یافتہ نوجوان فورس بنانا ہے جو ہنگامی حالات میں ملک کی مدد کر سکے۔ اس کے علاوہ سکاؤٹ گائیڈ کے ذریعے دیہی، شہری اور قبائلی علاقوں کے طلباء میں رواداری اور اخلاقی اقدار کو برقرار رکھا جاتا ہے۔ میٹنگ کے دوران دی گئی معلومات کے مطابق سال 2023-24 میں ریاست کے اسکولوں اور کالجوں میں کل 1 لاکھ 884 طلباء این سی سی کے تحت تربیت حاصل کر رہے ہیں، جن میں سے 61 ہزار 328 جونیئر سیکشن میں اور 39 ہزار 502 سینئر سیکشن میں حصہ لے رہے ہیں۔

# مہاراشٹر کے کئی اضلاع میں اگلے دو دنوں میں بارش کا امکان

## محکمہ موسمیات کی جانب سے یلو الرٹ جاری، گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی



ممبئی: بدلتی ہواؤں اور بادلوں کی نئی حرکت کے باعث مہاراشٹر میں موسم ایک بار پھر غیر مستحکم ہوگیا ہے۔ مانسون واپسی کے دوران محکمہ موسمیات نے ریاست کے مختلف حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس سلسلے میں کوکن، شمالی مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے متعدد اضلاع کے لیے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے دو دنوں کے دوران کئی علاقوں میں بارش کے امکانات قوی ہیں۔ مراٹھواڑہ خطے میں 8 سے 11 اکتوبر کے درمیان مختلف مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش کے ساتھ بجلی چمکنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ چھترپتی اورنگ آباد اور جالنہ اضلاع میں 8 اکتوبر کو جبکہ لاتور اور عثمان آباد (دھاراشیو) اضلاع میں 8 اور 9 اکتوبر کو گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔

محکمہ نے مزید بتایا کہ مراٹھواڑہ میں آئندہ چار سے پانچ دنوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ریاست کے مختلف حصوں میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران وقفے وقفے سے بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ تھانے، پالگھر، کونکن ساحلی پٹی اور مشرقی ودربھ کے چند اضلاع میں نسبتاً شدید بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

محکمہ موسمیات نے آج رتنا گیری، سندھو درگ، ستارہ، کولہاپور، سانگلی، شولاپور، عثمان آباد، لاتور، چندرپور اور گڈ چرولی اضلاع کے لیے 'یلو الرٹ' جاری کیا ہے، جہاں ہلکی سے درمیانی بارش کے ساتھ بجلی کڑکنے کے امکانات ہیں۔ اس کے علاوہ ممبئی، تھانے، رائے گڑھ، ناسک، نندربار، دھولیہ، جلگاؤں، پونے، بیڑ، پربھنی، ناندیڑ اور اورنگ آباد (چھترپتی سمبھاجی نگر) کے کچھ حصوں میں بھی بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ محکمہ نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے کھیتوں میں جاری کام کو جلد از جلد مکمل کریں اور فصلوں کی حفاظت کے مناسب انتظامات کریں۔

# ویرار میں بی ایم ایس فائنل ایئر کے 2 طالبعلموں کی خودکشی

## زیر تعمیر عمارت کی 18ویں منزل سے کود کر جان دے دی، اے ڈی آر کے تحت مقدمہ درج

ممبئی: کالج کے دو طالب علموں نے گزشتہ شب ویرار علاقے میں ایک عمارت کی 18 ویں منزل سے چھلانگ لگا کر مبینہ طور پر خودکشی کر لی۔ پولیس نے کہا کہ وجہ ابھی تک واضح نہیں ہوا ہے اور انہوں نے ابھی تک ان کی رہائش گاہ یا جائے وقوعہ سے کوئی خودکشی نوٹ برآمد نہیں کیا ہے۔ مہلوکین کی شناخت 21 سالہ آدتیہ رام سنگھ ساکن نالاسوپارہ (مشرق) اور 20 سالہ شام گورائی کے طور پر کی گئی ہے جو نالاسوپارہ (مغربی) کے رہنے والے تھے۔ وہ پرانے دوست تھے اور بیچلر آف مینجمنٹ اسٹڈیز (بی ایم ایس) کے آخری سال کے طالب علم تھے۔ سنگھ کے والد کپڑے کا کاروبار کرتے ہیں، جب کہ گورائی کے والد زیورات کے مینوفیکچرنگ یونٹ میں کام کرتے ہیں۔ دونوں خاندان صدمے میں ہیں اور صحیح وجہ کے بارے میں یقین نہیں رکھتے۔

پولیس کے مطابق واقعہ رات 10 بجے کے قریب پیش آیا۔ پیر کی رات جب دونوں افراد تلنج علاقے میں زیر تعمیر عمارت میں داخل ہوئے اور مبینہ طور پر اس سے چھلانگ لگا دی۔ واقعہ اس وقت سامنے آیا جب عمارت کا سیکورٹی گارڈ زوردار آواز سن کر جائے وقوعہ پر پہنچا۔ اس نے دونوں لڑکوں کو خون میں لت پت پڑے پایا۔ پولیس کو واقعہ کی اطلاع دی گئی۔ پولیس نے موٹر سائیکل کے رجسٹریشن نمبر کی بنیاد پر متوفی کی شناخت کی اور ان کے والدین کو مطلع کیا۔ پولیس نے پنچنامہ تیار کیا اور لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ حادثاتی موت کی رپورٹ (اے ڈی آر) درج کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر آف پولیس سوہاس باوچے نے کہا کہ ہم متوفی کے دوستوں سے پوچھ گچھ کر رہے ہیں اور سراغ تلاش کرنے کے لیے ان کے موبائل فون کو بھی اسکین کر رہے ہیں۔

# طوفان الاقصیٰ فلسطینی آزادی کی جدوجہد میں فیصلہ کن موڑ ثابت ہوا: علی برکہ



غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) کے بیرونِ ملک دفتر برائے قومی تعلقات کے سربراہ علی برکہ نے کہا ہے کہ "طوفان الاقصیٰ" جس کی آج دوسری سالگرہ ہے، فلسطینی قوم کی آزادی اور قابض اسرائیلی تسلط سے نجات کے پختہ عزم کا اظہار ہے اور یہ معرکہ فلسطین کی قومی جدوجہد کی تاریخ میں ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوا ہے جو پچھلے سات دہائیوں سے جاری ہے۔ علی برکہ نے اپنے بیان میں کہا کہ فلسطینی قوم ایک جائز قومی آزادی کی جنگ لڑ رہی ہے، جو ایک نسلی امتیاز پر مبنی قابض نوآبادیاتی ریاست کے خلاف ہے، جو زمین، انسان اور مقدسات کے خلاف اپنے جرائم کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ قابض اسرائیلی تسلط کے خلاف مزاحمت ایک فطری اور جائز حق ہے جسے آسمانی مذاہب اور بین الاقوامی قوانین، خصوصاً اقوام متحدہ کے منشور نے تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "طوفان الاقصیٰ" نے قابض اسرائیل کے ساتھ اس تاریخی تصادم میں ایک اسٹریٹیجک تبدیلی پیدا کی۔ اس نے اس جھوٹے افسانے کو چکنا چور کر دیا کہ صیہونی فوج ناقابلِ شکست ہے، قابض اسرائیل کے سکیورٹی نظام کے قلب پر کاری ضرب لگائی اور فلسطینی مسئلے کو ایک بار پھر عالمی ضمیر کے مرکز میں لا کھڑا کیا۔ ساتھ ہی اس نے ان عالمی طاقتوں کے دوہرے معیار کو بھی بے نقاب کیا جو انسانی حقوق کے نعرے لگاتی ہیں مگر فلسطینیوں کے خون سے تر دھرتی پر ہونے والی درندگی پر خاموش ہیں۔ علی برکہ نے فلسطینی قوم کے صبر و استقامت کو خراجِ تحسین پیش کیا، خواہ وہ غزہ کے محصور عوام ہوں، غرب اردن کے مظلوم شہری، بیت المقدس کے محافظ یا مہاجرت اور جلاوطنی کے کیمپوں میں بسنے والے فلسطینی۔ انہوں نے کہا کہ مزاحمتی دھڑوں کے درمیان میدان میں قائم اتحاد ہی کسی کامیاب قومی آزادی کی تحریک کی بنیاد ہے، یہی اتحاد آزادی، واپسی اور خودمختاری کی منزل کے قریب ترین راستہ ہے۔ اپنے بیان کے اختتام پر علی برکہ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ پر مسلط نسل کشی اور بھوک کے اس خونی کھیل کو فوری طور پر روکے، غزہ کا محاصرہ ختم کرے، فوری انسانی امداد داخل ہونے دے اور قابض اسرائیلی افواج کو مکمل طور پر غزہ سے واپس بلایا جائے۔

# حماس نے مذاکرات سے متعلق عرب میڈیا کے جھوٹے دعووں کی تردید کر دی

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) نے ایک عرب میڈیا ادارے کی جانب سے جاری کی گئی ان خبروں کی سختی سے تردید کی ہے جن میں مصر میں جاری مذاکرات کے دوران حماس کے موقف سے متعلق من گھڑت باتیں منسوب کی گئی تھیں۔




حماس نے واضح کیا کہ یہ تمام تر دعوے جھوٹ اور گمراہ کن ہیں جن کا مقصد عوامی رائے میں انتشار اور ابہام پیدا کرنا ہے۔ حماس نے اپنے بیان میں کہا کہ تحریک کے تمام سرکاری موقف صرف اور صرف اس کے باضابطہ ذرائع یا نامزد ترجمانوں کے ذریعے جاری کیے جاتے ہیں۔ تحریک نے تمام ذرائع ابلاغ سے اپیل کی کہ وہ صحافتی پیشہ واریت اور غیر جانب داری کا مظاہرہ کریں اور نامعلوم یا غیر مصدقہ ذرائع سے آنے والی خبروں پر انحصار نہ کریں، خصوصاً ایسے نازک وقت میں جب فلسطینی عوام کی زندگی اور مزاحمتی جدوجہد ایک فیصلہ کن مرحلے سے گزر رہی ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اس نوعیت کی غلط خبریں صرف افراتفری پھیلانے اور عوامی شعور کو گمراہ کرنے کی کوشش ہیں۔ حماس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ فلسطینی عوام کے مفادات کے تحفظ کے لیے صرف اپنے سرکاری ذرائع کے ذریعے ہی تمام معاملات کو آگے بڑھائے گی۔ یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب مصر میں قابض اسرائیلی وفد اور حماس کے درمیان مصر، قطر اور اقوام متحدہ کی ثالثی میں بالواسطہ مذاکرات جاری ہیں جن کا مقصد غزہ میں دو برس سے جاری تباہ کن جنگ کے خاتمے اور جنگ بندی کے سمجھوتے تک پہنچنا ہے۔ منگل کی شام حماس کے ایک اعلیٰ سطحی رہنما نے بتایا کہ شرم الشیخ میں جاری مذاکرات کے دوسرے روز کا بیشتر حصہ قابض اسرائیلی افواج کے انخلا کی تفصیلات اور قیدیوں کے تبادلے کے نظام الاوقات پر مرکوز رہا۔ یہ بات انہوں نے غزہ پر مسلط اس طویل اور خونریز جنگ کے خاتمے کے لیے جاری مذاکرات کے تناظر میں کہی۔ رہنما نے تصدیق کی کہ تحریک نے ثالثوں کے حوالے سے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پیش کردہ منصوبے پر اپنا باضابطہ موقف پہنچا دیا ہے، اور وہ اس بات پر آمادہ ہے کہ تمام قابض اسرائیلی قیدیوں اور ان کی لاشوں کو متفقہ تبادلے کے فارمولے کے تحت رہا کیا جائے، بشرطیکہ اس عمل کے لیے ضروری میدان سازگار ہو اور تفصیلات فوری طور پر طے کی جائیں۔ اتوار کے روز ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ حماس کے ساتھ ہونے والی بات چیت "انتہائی تیزی اور کامیابی سے آگے بڑھ رہی ہے" اور امکان ہے کہ مذاکرات کا پہلا مرحلہ آئندہ چند دنوں میں مکمل ہو جائے۔ اس نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ جلد از جلد ایک جامع سمجھوتے تک پہنچنے کے لیے عمل کو تیز کریں۔

# قابض اسرائیلی فوج کی مغربی کنارے میں وسیع پیمانے پر یلغار اور گرفتاریاں

غرب اردن: قابض اسرائیلی فوج نے گذشتہ شب اور بدھ کی صبح مغربی کنارے کے مختلف علاقوں میں یلغار اور گرفتاریوں کی ایک نئی مہم شروع کی جس کا مرکز الخلیل کے شمال میں واقع



العروب کیمپ رہا۔ الخلیل میں قابض فوج کے دستے العروب کیمپ میں داخل ہوئے، درجنوں گھروں پر دھاوا بولا، گھروں کی تلاشی لی اور 50 سے زائد فلسطینی شہریوں کو حراست میں لے کر ان سے میدانی تفتیش کی۔ عینی شاہدین اور مقامی ذرائع کے مطابق صیہونی فوجیوں نے شہریوں کو تشدد کا نشانہ بنایا، ان کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں ڈالیں، آنکھوں پر پٹیاں باندھیں اور العروب کے نوجوانوں کے سماجی مرکز کو تفتیشی اڈے میں بدل دیا۔ بعد ازاں ان میں سے بیشتر کو رہا کر دیا گیا۔ قابض فوج کے سپاہیوں نے فجر کی نماز کے بعد مسجد سے نکلنے والے نمازیوں پر گولیاں چلائیں اور متعدد افراد کو لاٹھیوں سے زدوکوب کیا۔ الخلیل کے شمال میں واقع بیت امر قصبے میں قابض اسرائیلی فوج نے ایک فلسطینی نوجوان محمد احمد العلامی کو اس کے گھر پر چھاپہ مار کر گرفتار کر لیا۔ بیت لحم میں صیہونی فوج نے جنوب کی سمت واقع بیت فجار بلدیہ پر دھاوا بولا، وہاں سابق اسیر محمد جلال طقاطقہ (عمر 29 سال) کو ان کے والد کے گھر سے گرفتار کر لیا۔ اسی طرح قابض فوج نے جنوبی علاقے الخضر اور مشرقی گاؤں الشواورہ میں بھی یلغار کی اور اپنی بکتر بند گاڑیاں گلیوں میں دوڑائیں۔ طولکرم میں قابض اسرائیلی فوج نے شہر کے جنوبی علاقے میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران دو بھائیوں احمد اور براء سعید الحصری کو ان کے گھروں سے گرفتار کر لیا اور گھروں کی توڑ پھوڑ کی۔ مقبوضہ بیت المقدس کے شمال مشرق میں واقع حزما قصبے میں بھی قابض فوج نے چھاپے مارے، شہریوں کو خوفزدہ کیا اور متعدد گرفتاریاں کیں۔ گرفتار ہونے والوں میں عبدالقادر ابوالشیخ، ان کا بیٹا یاسین، سلیم خطاب اور ان کا بھتیجا نابالغ خطاب شرف خطاب شامل ہیں۔ قابض فوجیوں نے ان کے گھروں کی تلاشی کے دوران توڑ پھوڑ مچائی اور اہل خانہ کو دہشت زدہ کیا۔ یہ گرفتاریاں اس منظم صیہونی مہم کا حصہ ہیں جو قابض اسرائیلی فوج روزانہ مغربی کنارے کے شہروں اور قصبوں میں انجام دے رہی ہے۔ اس کا بنیادی ہدف فلسطینی نوجوان، کارکن اور سابق اسیران ہیں۔ یہ مہم سنہ 2023ء میں 7 اکتوبر کو غزہ پر قابض اسرائیلی جارحیت کے آغاز کے بعد سے تیز تر ہوتی جا رہی ہے جس کے دوران ہزاروں فلسطینیوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔

# شرم الشیخ میں مذاکرات دوبارہ شروع، ٹرمپ منصوبے کی شقیں زیرِ غور ہیں: قطر کی تصدیق




دوحہ: قطر کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے پیش کردہ منصوبے کے تحت غزہ کی جنگ کے خاتمے سے متعلق مذاکرات کا سلسلہ منگل کے روز مصر کے شہر شرم الشیخ میں دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔

ماجد الانصاری نے منگل کو ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ٹرمپ کے منصوبے کی کئی تفصیلات پر ابھی اتفاقِ رائے ہونا باقی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ روز چار گھنٹے طویل تفصیلی مذاکرات ہوئے۔

ان کا کہنا تھا کہ دوحہ اس بات پر پُرعزم ہے کہ امریکی صدر کے منصوبے کو آگے بڑھایا جائے، غزہ پر مسلط جنگ ختم کی جائے، قابض اسرائیلی قبضے کا خاتمہ ہو اور انسانی امداد غزہ کے عوام تک پہنچائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ قطر امریکہ کی جانب سے جنگ کے خاتمے کے عزم کی قدر کرتا ہے۔

ترجمانِ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ اگر مغویوں کو رہا کر دیا جائے تو غزہ کی جنگ ختم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ امریکہ کا موقف یہ ہے کہ جنگ بندی اور مغویوں کی رہائی ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔

ماجد الانصاری نے مزید کہا کہ وہ امریکی فریق کے ساتھ اس بات پر اتفاق کے لیے کام کر رہے ہیں کہ ٹرمپ منصوبے کا نفاذ عارضی نہ ہو بلکہ پائیدار ہو۔ ان کے مطابق اصل ضمانت یہ ہے کہ منصوبہ جلد نافذ العمل، عملی نوعیت کا ہو اور تمام فریقوں کے درمیان اس پر اتفاقِ رائے پایا جائے۔

انہوں نے بتایا کہ تمام فریقوں نے امریکی صدر ٹرمپ کے منصوبے سے اتفاق کر لیا ہے، البتہ رکاوٹ اس کے نفاذ میں ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ جنگ بندی پر عمل درآمد کب شروع ہوگا اور غزہ کے معصوم بچوں کے جسموں کو چیرنے والی جنگی مشین کب رکے گی۔

قطری ترجمان نے واضح کیا کہ دوحہ میں اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) کے دفتر کی موجودگی قطر کی جانب سے سنہ 2006ء سے جاری ثالثی کردار کا ایک حصہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ فلسطینی عوام کا مستقبل صرف خود فلسطینیوں کے ہاتھوں میں ہونا چاہیے۔

یاد رہے کہ 29 ستمبر کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بیس نکاتی منصوبہ پیش کیا تھا جس میں غزہ میں موجود اسرائیلی قیدیوں کی رہائی، جنگ بندی اور حماس کی عسکری صلاحیت کے خاتمے کی شقیں شامل تھیں۔

گذشتہ ہفتے کے روز ٹرمپ نے قابض اسرائیل سے فوری طور پر غزہ پر بمباری روکنے کا مطالبہ کیا تھا، تاہم قابض اسرائیل نے ان کی اپیل کو یکسر مسترد کر دیا۔

واضح رہے کہ قابض اسرائیل نے 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے امریکہ کی کھلی حمایت کے سائے میں غزہ پر بدترین نسل کشی مسلط کر رکھی ہے، جس کے نتیجے میں اب تک 67 ہزار 160 فلسطینی شہید، 1 لاکھ 69 ہزار 679 زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے۔ جب کہ شدید قحط نے 460 فلسطینیوں کی جان لے لی، جن میں 154 معصوم بچے شامل ہیں۔

## یومِ طوفان الاقصیٰ پر حزب اللہ کا مزاحمتی موقف کو عملی قوت میں بدلنے پر زور

بیروت: لبنانی حزب اللہ نے کہا ہے کہ خطے کی سکیورٹی، استحکام اور مستقبل کا دارومدار موقف کے اتفاق، متحدہ زبان اور عرب اور اسلامی ممالک اور ان کے عوام کے باہمی تعاون پر ہے۔



حزب اللہ نے سات اکتوبر کی دوسری برسی کے موقع پر جاری بیان میں، فلسطین اور اس کے عوام کے ساتھ کھڑے رہنے کا عہد نو دہرایا اور بیت المقدس کی راہ میں شہید ہونے والے تمام شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ حزب اللہ نے کہا کہ المعرکہ نے قابض اسرائیل کا اصلی چہرہ بے نقاب کر دیا ہے، چہرہ جو ہر انسانیت کی صفت سے عاری ہے اور جو طاقتور اور متکبر امریکہ کی سرپرستی سے مسلح ہے جو ہر قانون، بین الاقوامی قرارداد اور انسانی لحاظ کو روند ڈالتا ہے۔ حزب اللہ نے فلسطین کی مزاحمت اور اس کے انتخاب کے دفاع کے لیے صف بندی کی اپیل کی اور کہا کہ جو بیانات جارحیت کی مذمت کرتے ہیں انہیں ایسی عملی کارروائیوں میں بدلا جائے جو قابض کو روک سکیں کیونکہ یہ قابض صرف طاقت اور مقابلے کی زبان ہی سمجھتا ہے۔ حزب اللہ نے کہا کہ اس امت کو یہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہ وجود اس کے سینے میں لگا خنجر ہے، ایک خطرناک سرطانی غدہ جسے بوقتِ ضرورت نکال پھینکا جائے ورنہ یہ جہاں بھی جائے تباہی اور بربادی پھیلا دے گا۔ حزب اللہ نے اپنے بیان کے اختتام پر کہا کہ "یہ عظیم تاریخی موقع تاریخ میں امر رہے گا، وہ قوم جس نے اپنے وطن پر قبضہ کرنے والے ظالم کے خلاف بغاوت کی لڑائی کی، قربانیاں دیں اور ثابت قدمی دکھائی، اور بحولِ خدا وہ فتح یاب ہوگی کیونکہ وہ فتح کا مستحق ہے، اور فلسطین پورا اپنے لوگوں کو واپس لوٹے گا۔"

# طوفان الاقصیٰ مزاحمت کی تاریخ کا فیصلہ کن موڑ ہے: سرایا القدس



غزہ: اسلامی جہادِ فلسطین کے عسکری ونگ 'سرایا القدس' نے کہا ہے کہ دو برس قبل برپا ہونے والا 'طوفان الاقصیٰ' معرکہ آرائی فلسطینی مزاحمت کی تاریخ میں ایک فیصلہ کن موڑ ثابت ہوئی، جس نے قابض اسرائیل کے غرور کو چکنا چور کر دیا اور مزاحمت کے نئے دور کا آغاز کیا۔ سرایا القدس نے اپنے بیان میں بتایا کہ اس عظیم معرکے میں درجنوں قابض صیہونی فوجی ہلاک ہوئے، متعدد قیدی بنائے گئے اور مزاحمت نے اپنے کئی جانباز شہداء، زخمیوں اور اسیران کی قربانیاں پیش کیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس دن کے بعد سے دشمن کے ساتھ معرکہ رکے بغیر جاری ہے۔

سرایا القدس نے مزید بتایا کہ قابض اسرائیل نے ایک "پاگل پن پر مبنی اور تباہ کن" جنگ مسلط کی جس کا ہدف غزہ کے معصوم شہری تھے۔ تاہم، فلسطینی مزاحمت نے اپنی ثابت قدمی اور قربانیوں کے ذریعے دشمن کو بھاری نقصان پہنچایا۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ قابض اسرائیل کی جانب سے کی جانے والی تباہی یا نفسیاتی جنگ کے حربے اپنی منزل کبھی حاصل نہیں کر سکیں گے۔ بیان میں زور دیا گیا کہ جب تک قبضہ قائم ہے، مزاحمت کے ہاتھوں میں بندوق بلند رہے گی اور فلسطینی قیدی صرف ایک باعزت تبادلے کے معاہدے کے تحت ہی رہا ہوں گے، جو جنگ کے خاتمے اور غزہ سے محاصرہ اٹھانے کی ضمانت دے گا۔

سرایا القدس نے یہ بھی کہا کہ مزاحمت اپنی راہ پر ثابت قدم ہے اور آنے والے دنوں میں دشمن کے خلاف کارروائیاں اس کے مسلسل زوال اور تھکن کا باعث بنیں گی، یہاں تک کہ اس غاصب ریاست کا خاتمہ ہو جائے۔ بیان میں حزب اللہ کے مجاہدین کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا جو سرایا القدس کے حقیقی رفیق و پشت پناہ ہیں۔ سرایا القدس نے حزب اللہ کے قائد سید حسن نصراللہ اور ان کے جانباز شہداء و مجاہدین کو "اس مقدس معرکے کے شریکِ اول" قرار دیا۔ اسی طرح یمن کی غیور قوم اور انصار اللہ تحریک کو بھی سراہا گیا، جو گذشتہ دو برسوں سے غزہ اور اہلِ فلسطین کی نصرت میں صیہونی ریاست پر میزائلوں، ڈرونز اور بارودی کشتیوں سے حملے کر رہی ہے۔ سرایا القدس نے اسلامی جمہوریہ ایران کا بھی شکریہ ادا کیا، جس نے اس معرکے میں براہِ راست تین مواقع پر دشمن کے خلاف حصہ لیا اور اپنے کئی عظیم علما، کمانڈروں اور شہداء کی قربانیاں پیش کیں۔ بیان میں خاص طور پر فلسطین کے شہید حاج رمضان کو یاد کیا گیا جنہوں نے مزاحمت کی تیاری اور قابض دشمن کے مقابلے میں بنیادی کردار ادا کیا۔

## ٹرمپ نے کہا ہے حماس کو غزہ امن منصوبے کو قبول کرنے پر قائل کریں: اردوان

انقرہ (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ترکی سے کہا ہے کہ وہ حماس کو اس کے پیش کردہ غزہ جنگ کے خاتمے کے منصوبے کو قبول کرنے کے لیے 'قائل' کرے۔ العربیہ انگلش کے مطابق ترک صدر رجب طیب اردوان نے بدھ کے روز اپنے دفتر کی جانب سے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ حماس کو اس کے پیش کردہ غزہ جنگ کے خاتمے کے منصوبے کو قبول کرنے کے لیے 'قائل' کریں۔ طیب اردوان کے یہ ریمارکس ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب اسرائیل اور حماس کے مذاکرات کاروں کے درمیان مصر کے ساحلی مقام شرم الشیخ میں بالواسطہ مذاکرات تیسرے روز میں داخل ہو گئے ہیں۔ ان مذاکرات کا مقصد دو سال سے جاری غزہ جنگ کو روکنا ہے اور ان میں قطر، ترکی اور امریکہ کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہیں۔

## قابض اسرائیلی قیدیوں کی رہائی غزہ سے مکمل انخلا سے مشروط ہے: حماس کا دوٹوک موقف



غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت (حماس) کے ایک اعلیٰ سطحی ذریعے نے انکشاف کیا ہے کہ جماعت نے شرم الشیخ میں جاری مذاکرات کے دوران واضح مطالبہ کیا ہے کہ آخری قابض اسرائیلی قیدی کی رہائی صرف اس وقت عمل میں آئے جب قابض اسرائیلی فوج کا آخری سپاہی بھی مکمل طور پر غزہ سے نکل جائے۔ ذرائع نے الجزیرہ ٹی وی کو بتایا کہ شرم الشیخ میں منگل کی شام دوسرے روز کے مذاکرات کا دور اختتام پذیر ہو گیا ہے، جس میں ثالثی کرنے والے فریقوں نے حماس کے وفد کے ساتھ تفصیلی بات چیت کی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کے اس دوسرے دن کا زیادہ تر حصہ قابض افواج کے انخلا کے نقشوں اور قابض اسرائیلی قیدیوں کی رہائی کے شیڈول پر مرکوز رہا۔

انہوں نے مزید وضاحت کی کہ حماس کے وفد نے واضح طور پر مطالبہ کیا ہے کہ قابض اسرائیلی قیدیوں کی رہائی کے تمام مراحل کو قابض اسرائیلی افواج کے تدریجی مگر مکمل انخلا کے مراحل سے منسلک کیا جائے۔ ذرائع نے زور دے کر کہا کہ حماس کے وفد کا موقف ہے کہ آخری اسرائیلی قیدی کی رہائی صرف اس وقت ممکن ہوگی جب قابض اسرائیلی افواج کا آخری دستہ بھی غزہ کی سرزمین سے نکل جائے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حماس کے وفد نے اس امر پر بھی اصرار کیا کہ بین الاقوامی سطح پر ایسی ٹھوس ضمانتیں فراہم کی جائیں جو قابض اسرائیلی جارحیت کے مکمل خاتمے اور جنگ کے دائمی اختتام کو یقینی بنائیں۔

# قابض اسرائیلی جیلوں میں اسیران کا قتل جاری، نوجوان احمد خضیرات تشدد سے شہید

مقبوضہ بیت المقدس: کلب برائے اسیران اور اسیران و محررین کے امور کی اعلیٰ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ قابض اسرائیلی جیلوں میں قید ایک اور فلسطینی نوجوان کو شہید کر دیا گیا ہے۔ منگل کی شام جاری مشترکہ بیان میں دونوں اداروں نے بتایا کہ شہری امور کے نگران ادارے نے انہیں آگاہ کیا کہ 22 سالہ احمد حاتم خضیرات جو جنوبی الخلیل کے قصبے الظاہریہ کا رہائشی تھا، قابض اسرائیلی جیل میں شہید ہو گیا۔

بیان کے مطابق احمد خضیرات نے اپنی آخری سانسیں قابض اسرائیل کے "سوروکا" ہسپتال میں لیں، وہ 23 مئی سنہ 2024ء سے انتظامی قید میں تھا۔

گذشتہ چند ماہ سے اس کی حالت انتہائی خراب تھی۔ اسے جلد کی خطرناک بیماری (جرب) لاحق ہو گئی تھی، جس کے باعث اسے شدید خارش، تشنج اور بار بار بے ہوشی کے دورے پڑتے تھے۔ وہ بھوک کی اذیت ناک کیفیت سے دوچار تھا اور شوگر لیول خطرناک حد تک کم ہو گیا تھا۔ اس کے جسم میں کمزوری اتنی بڑھ چکی تھی کہ وہ اپنی روزمرہ ضروریات پوری کرنے سے بھی عاجز تھا۔

اس کا وزن کم ہو کر صرف 40 کلو رہ گیا تھا۔ ایک وکیل نے جو اسے اگست میں ملا، تصدیق کی کہ احمد خضیرات دو ماہ سے بستر سے اٹھنے کے قابل نہیں رہا تھا۔ کلب برائے اسیران اور کمیٹی نے کہا کہ احمد خضیرات کی شہادت قابض اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی اسیران کے خلاف جاری منظم قتلِ عام اور نسل کشی کی پالیسی کا تسلسل ہے۔

خضیرات کی شہادت کے بعد جنگِ ابادہ کے آغاز سے اب تک شہید ہونے والے فلسطینی قیدیوں کی تعداد بڑھ کر 78 ہو گئی ہے،



یہ صرف وہ ہیں جن کی شناخت ہو سکی ہے، جب کہ درجنوں قیدی قابض اسرائیلی خفیہ حراست میں لاپتہ ہیں۔

فلسطینی اسیر تحریک کی تاریخ میں یہ مرحلہ سب سے خونریز ثابت ہو رہا ہے۔ سنہ 1967ء کے بعد سے آج تک قابض اسرائیلی جیلوں میں شہید ہونے والے فلسطینی اسیران کی مصدقہ تعداد 315 تک پہنچ چکی ہے۔ دونوں اداروں نے خبردار کیا کہ اسیران کی شہادتوں میں تیزی سے اضافہ اس حقیقت کو آشکار کرتا ہے کہ قابض اسرائیل اپنی جیلوں میں قیدیوں کے خلاف "سست قتل" کی منظم پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ اب ایک مہینہ بھی ایسا نہیں گزرتا جس میں کسی نئے فلسطینی اسیر کی شہادت درج نہ ہو۔

ان جیلوں میں جاری روزانہ کی درندگی کے باعث مزید شہادتوں کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ ہزاروں فلسطینی ایسی اذیت ناک اور غیر انسانی حالتوں میں قید ہیں جن میں زندگی کی بنیادی ضروریات تک میسر نہیں۔ قیدیوں کو مسلسل جسمانی و نفسیاتی تشدد، بھوک، جنسی حملوں، طبی جرائم اور متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ کا سامنا ہے، جن میں سب سے عام مرض جرب ہے۔ ان کے حقوق اور ضروریات پر ظالمانہ پابندیاں عائد ہیں۔

کلب برائے اسیران اور کمیٹی نے قابض اسرائیل کو احمد خضیرات کی شہادت کا براہِ راست ذمہ دار ٹھہرایا اور عالمی انسانی حقوق کے اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ قابض اسرائیلی قیادت کو جنگی جرائم کے ارتکاب پر جواب دہ بنائیں۔

انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی برادری کو قابض اسرائیل پر واضح پابندیاں عائد کرنی چاہئیں تاکہ اسے عالمی قانون کے تابع کیا جا سکے اور جنگی جرائم پر اس کی بے مثال چھوٹ کا خاتمہ ہو۔ قابض اسرائیل نے 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے اپنی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں کے خلاف غیر انسانی مظالم کا سلسلہ تیز کر رکھا ہے۔ ان میں اب تک 78 اسیران تعذیب، بھوک اور علاج سے محرومی کے باعث جامِ شہادت نوش کر چکے ہیں۔ انسانی حقوق کے ادارے بارہا خبردار کر چکے ہیں کہ قابض اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں پر وحشیانہ تشدد، دانستہ بھوک اور علاج کی محرومی ان کی زندگیاں شدید خطرے میں ڈال رہی ہے۔ ستم یہ ہے کہ ستمبر کے آغاز تک قابض اسرائیلی جیلوں میں فلسطینی قیدیوں کی مجموعی تعداد 11 ہزار 100 سے تجاوز کر چکی تھی، جن میں 53 خواتین، 400 بچے اور 3 ہزار 577 انتظامی قیدی شامل ہیں۔

# ہم غزہ پر مسلط جنگ کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اور ذمے دارانہ مذاکرات کے لیے آئے ہیں: خلیل الحیہ



غزہ: قاہرہ میں جاری مذاکرات کے دوران اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' کے وفد کے سربراہ خلیل الحیہ نے کہا ہے کہ جماعت حماس شرم الشیخ اس نیت سے آئی ہے کہ غزہ پر قابض اسرائیل کی مسلط کردہ جنگ کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اور ذمے دارانہ مذاکرات کیے جائیں۔

خلیل الحیہ نے شرم الشیخ سے گفتگو میں قاہرہ الاخباریہ چینل کو بتایا کہ حماس اپنے عوام کے استحکام، آزاد ریاست کے قیام اور حقِ خودارادیت کے نصب العین کے ساتھ مذاکرات میں شریک ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ ہم مسلمان اور عرب ممالک کی ان تمام کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جو جنگ کے خاتمے کے لیے کی جا رہی ہیں اور ہم امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ان کاوشوں کا بھی اعتراف کرتے ہیں جن کا مقصد جنگ کو ہمیشہ کے لیے روکنا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا مقصد واضح ہے، ہم جنگ کے خاتمے اور قیدیوں کے تبادلے کے لیے یہاں آئے ہیں، تاکہ قابض اسرائیل کے قبضے میں موجود اسیران کی رہائی ممکن ہو سکے۔ خلیل الحیہ نے زور دے کر کہا کہ تحریک حماس پوری ذمے داری کے ساتھ جنگ بند کرنا چاہتی ہے مگر قابض اسرائیل قتل و غارت اور نسل کشی کے اپنے جرائم جاری رکھے ہوئے ہے۔

انہوں نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل اپنے وعدوں سے مسلسل انحراف کرتا ہے، اس لیے یہ ضروری ہے کہ جنگ کے مکمل خاتمے کے لیے ٹھوس ضمانتیں فراہم کی جائیں، خاص طور پر اس لیے کہ قابض اسرائیلی فوج نے گذشتہ دو برس سے غزہ کے خلاف ایک پاگل پن پر مبنی جنگ مسلط کر رکھی ہے۔ اسی حوالے سے اسلامی تحریکِ مزاحمت 'حماس' نے ایک بیان میں کہا کہ تحریک کا وفد ڈاکٹر خلیل الحیہ کی سربراہی میں، جمہوریہ مصر پہنچ چکا ہے جہاں وہ فائر بندی، قابض افواج کے انخلا اور قیدیوں کے تبادلے کے طریقہ کار پر مذاکرات کرے گا۔

گذشتہ جمعہ کی شام حماس نے اعلان کیا تھا کہ اس نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پیش کردہ امن تجویز پر اپنا باضابطہ جواب ثالث ممالک کے حوالے کر دیا ہے۔ امریکی وائٹ ہاؤس نے پیر کی شب اس تجویز کی تفصیلات جاری کیں جن کے مطابق اگر دونوں فریق اس پر متفق ہو جائیں تو جنگ فوراً ختم ہو جائے گی۔

اس تجویز کے مطابق حماس 72 گھنٹوں کے اندر قابض اسرائیلی قیدیوں اور ان کی لاشوں کو واپس کرے گی، اس کے بعد مزاحمتی ہتھیار جمع کیے جائیں گے اور غزہ کے لیے ایک نئی انتظامی اور معاشی حکمتِ عملی ترتیب دی جائے گی۔ دوسری جانب غزہ کے سرکاری اطلاعاتی دفتر نے بتایا ہے کہ قابض اسرائیل کی افواج جنگ بندی کی تمام اپیلوں کو نظر انداز کرتے ہوئے غزہ پر اپنی وحشیانہ جارحیت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ صرف گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قابض طیاروں اور توپ خانے نے 93 سے زائد حملے کیے جن کا زیادہ تر نشانہ بے گھر فلسطینیوں اور شہری آبادی والے علاقے بنے۔

## آج کسی وقت غزہ جنگ بندی کا اعلان کیا جا سکتا ہے؛ ترک وزیر خارجہ

انقرہ (یو این آئی) ترک وزیر خارجہ نے آج شام تک غزہ جنگ بندی پر اتفاق اور اس کے اعلان کا امکان ظاہر کر دیا۔ ترک وزیر خارجہ حاقان فدان نے کہا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان اتفاقِ رائے آج ممکن ہے، اگر ایسا ہو جاتا ہے تو شام تک غزہ میں جنگ بندی کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ ترک خبر رساں ادارے کے مطابق وزیر خارجہ حاقان فدان نے اس بات کا امکان ایک پریس کانفرنس میں شامی ہم منصب کے ساتھ میڈیا سے گفتگو میں ظاہر کیا۔ ترک وزیرِ خارجہ ان دنوں شام کے سرکاری دورے پر ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مصر میں جاری امن مذاکرات میں دونوں فریقوں نے فلسطینی قیدیوں اور اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غیر معمولی سنجیدگی اور عزم کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ امن مذاکرات میں قیدیوں کی رہائی، اسرائیلی افواج کے انخلا کی حدود اور شرائط، غزہ میں امداد کی فراہمی اور ممکنہ جنگ بندی کے اصول وضوابط پر بات کی گئی ہے۔ ترک وزیرِ خارجہ نے کہا کہ ان نکات پر "اب تک نمایاں پیش رفت" ہوئی ہے اور امید ہے کہ جلد کسی حتمی نتیجے پر پہنچا جائے گا۔ ادھر ترک صدر کا کہنا ہے کہ جنگ بندی کے لیے ساری شرائط حماس پر لادنا درست نہیں، اسرائیل کو بھی غزہ پر بمباری بند کرنا ہوگی۔ صدر طیب اردوان نے مزید بتایا کہ حماس نے امن مذاکرات کے لیے مثبت رویہ اپنایا ہے جسے میں ایک نہایت اہم قدم سمجھتا ہوں، حماس اس معاملے میں اسرائیل سے آگے ہے۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے پر حماس اور اسرائیل کے درمیان مذاکرات آج تیسرے دن میں داخل ہو گئے ہیں۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو۔کے۔) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو۔کے۔ سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈنٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+

قارئین کو مشورہ: "صحافت" میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔